بسم اللہ الرحمان الرحیم

# دائمی کیلنڈر

# Everlasting Calendar

## حی علی الفلاح

مرتب محمد عمر خان

0300-0322-0310-0347-6366221
092-0334-6066221
061-4586619 - 4588801

mukmultan@gmail.com
mukmultan@hotmail.com
www.hayya-alalfalah.com
www.facebook.com/umarkhan061

## سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ۬﴿۶﴾ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

تعریف اللہ ہی کیلئے ہے
جو تمام کائنات کا رب ہے، نہایت مہربان اور
رحم فرمانے والا ہے، روز جزا کا مالک ہے، اے پروردگار!
ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں،
ہمیں سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ
جن لوگوں پر تو نے انعام فرمایا، جو معتُوب
نہیں ہوئے، اور جو بھٹکے ہوئے نہیں ہیں
(آمین)

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ

الٓمّٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ
هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ
وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ
يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ
وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى
مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥

## فلاح پانے والے کون؟

الف، لام، میم، یہ اللہ کی کتاب ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہدایت ہے ان پرہیزگار لوگوں کیلئے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں، اور نماز قائم کرتے ہیں، اور جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں، جو کتاب آپ پر نازل کی گئی ہے (یعنی قرآن مجید) اور جو کتابیں آپ سے پہلے نازل کی گئی تھیں، ان سب پر ایمان لاتے ہیں، اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ اپنے رب کی طرف سے راہِ راست پر ہیں اور وہی

**فلاح پانے والے ہیں**

(البقرۃ ۱-۵)

2

# 5 سوالوں کا جواب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## قیامت کے دن

اللہ تعالیٰ کی عدالت سے آدمی اس وقت تک نہیں ہٹ سکتا جب تک کہ اس سے 5 باتوں کے بارے میں حساب نہ لے لیا جائے گا

? عمر کن مشاغل میں گذاری

? جوانی مین جسم کو کس کام میں گھلایا

? مال کہاں سے کمایا

? مال کہاں خرچ کیا

? دین کا علم حاصل کیا تو اس پر عمل کہاں تک کیا

ترمذی 2416

# جامع نصیحت

ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
پاس آیا اور اس نے کہا کہ مجھے نہایت مختصر
اور جامع نصیحت
فرمائیے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

جب تم اپنی نماز
پڑھنے کیلئے کھڑے ہو تو اس شخص کی
طرح نماز پڑھو جو دنیا کو چھوڑ کر جانے
والا ہے اور اپنی زبان سے ایسی بات نہ نکالو کہ
اگر قیامت میں اس کا حساب ہو تو تمہارے پاس
کچھ کہنے کیلئے نہ رہ جائے اور لوگوں کے پاس جو
کچھ مال واسباب ہے اس سے تم
بالکل بے نیاز ہو جاؤ

(حضرت ابوایوب انصاریؓ۔ ابن ماجہ 4171)

4

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**غیر کی دنیا بنانے کی خاطر اپنی آخرت کی بربادی**

# قیامت کے دن بدترین حال میں وہ شخص ہو گا جس نے دوسروں کی دنیا بنانے کی خاطر اپنی آخرت برباد کر ڈالی

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ
ابن ماجہ 3966

## عقلمند کون؟

ہوشیار در حقیقت وہ ہے جس نے اپنے نفس کو قابو میں کیا اور موت کے بعد آنے والی زندگی کو سنوارنے میں لگ گیا اور جاہل وہ ہے جس نے اپنے آپ کو نفس کی ناجائز خواہشوں کے پیچھے لگایا اور اللہ پر غلط توقعات باندھیں

(حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ) ترمذی 2459

5

# سلام کرنے کی اہمیت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اس وقت تک تم لوگ جنت میں نہیں جا سکتے جب تک کہ تم مومن نہ بن جاؤ اور تم مومن نہیں بن سکتے جب تک کہ آپس میں محبت نہ کرنے لگو کیا میں تمہیں وہ تدبیر نہ بتادوں کہ جس کو اگر تم اختیار کرو تو آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو اور وہ یہ ہے کہ **آپس میں سلام پھیلاؤ**

حضرت ابو ہریرہؓ
مسلم 54

چار چیزیں تمہیں میسر ہوں تو دنیا کی کسی چیز سے محرومی تمہارے لئے نقصان دہ نہیں ہے

## 6 چار چیزیں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ
مسند احمد
6652

- خوش خلقی
- روزی میں پاکیزگی
- امانت کی حفاظت
- سچی گفتگو

# نیکی کا تصور اور معیار

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

## تو نیکی کے کام کو حقیر نہ سمجھ

یہ بھی نیکی ہے
تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملے

یہ بھی نیکی ہے
تم کسی کو اپنی سواری پر بٹھا لو یا اس کا بوجھ اپنی سواری پر رکھ لو

یہ بھی نیکی ہے
اپنے ڈول کا پانی اپنے بھائی کے برتن میں انڈیل دے

یہ بھی نیکی ہے
دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دو

یہ بھی نیکی ہے
تمہارا ہر قدم جو نماز کیلئے اٹھتا ہے

یہ بھی نیکی ہے
اچھی بات کہنا

یہ بھی نیکی ہے
راستے سے کانٹا یا پتھر ہٹا دینا

مسلم 2626

7

## مسلمان بھائی سے قطع تعلق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

آدمی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین راتوں سے زیادہ قطع تعلق کیئے رکھے کہ دونوں راستے میں ایک دوسرے سے ملیں تو منہ پھیر لیں اور ان دونوں میں بہتر وہ شخص ہے جو سلام میں پہل کرے

حضرت ابوایوب انصاریؓ بخاری 6077 مسلم 2560

## صبر کا پھل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس کسی مسلمان کو کوئی قلبی تکلیف، کوئی جسمانی بیماری، کوئی دکھ اور غم پہنچتا ہے اور وہ اس پر صبر کرتا ہے تو اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اسکی خطاؤں کو معاف فرماتا ہے یہاں تک کہ اگر اس کو ایک کانٹا بھی چبھ جاتا ہے تو وہ بھی اس کے گناہوں کی معافی کا سبب بن جاتا ہے

بخاری 5641 مسلم 2573

## محبتِ رسول ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (مطلوبہ درجہ کا) مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کی نگاہ میں اسکے باپ، اسکے بیٹے اور سارے انسانوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں

بخاری 15 مسلم 44

## پڑوسی کا حق

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا جو خود تو پیٹ بھر کر کھانا کھائے اور اس کا پڑوسی جو اس کے پہلو میں رہتا ہو بھوکا رہے

(حضرت ابن عباسؓ)

شعب الایمان 3117

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

سب سے وزنی چیز جو قیامت کے دن مومن کے میزان میں رکھی جائے گی وہ اس کا **حُسنِ اخلاق** ہوگا

اور اللہ تعالیٰ اس شخص سے بُغض رکھتا ہے جو زبان سے بے حیائی کی بات نکالتا ہے اور بدزبانی کرتا ہے

حضرت ابوالدرداءؓ
ترمذی 2002

## فحش بات

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

کہنے والا اور فحش بات کی اشاعت کرنے والا یہ دونوں گناہ میں برابر ہیں

حضرت علیؓ
الادب المفرد 324

10

## کاروبار میں جھوٹی قسم

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

تین قسم کے لوگ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ تو بات کرے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا (ان تین میں سے)

پہلی قسم کے لوگ وہ ہیں

جنہوں نے اپنے سامانِ تجارت بیچنے میں جھوٹی قسم کھائی اور اسکی وجہ سے زیادہ دام انہیں ملے

بخاری 7212 مسلم 108

11

## کاروبار میں شراکت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب تک کسی کاروبار کے دو ساجھی باہم خیانت نہ کریں۔ میں ان کے ساتھ رہتا ہوں لیکن جب ایک شریک دوسرے شریک سے خیانت کرتا ہے تو میں ان دونوں کے درمیان سے نکل جاتا ہوں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

ابوداؤد 3383

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# ریاکاری شرک ہے

جس نے دکھلاوے کی نماز پڑھی تو اس نے شرک کیا اور جس نے دکھلاوے کا روزہ رکھا تو اس نے شرک کیا اور جس نے دکھلاوے کا صدقہ کیا

**تو اس نے شرک کیا**

مسند احمد 17140

# نمازوں کی دیکھ بھال

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جو شخص اپنی نمازوں کی ٹھیک طور سے دیکھ بھال کرے گا تو وہ نمازیں اس کیلئے قیامت کے دن روشنی اور دلیل بنیں گی اور باعث نجات ہوں گی اور جو اپنی نمازوں کی دیکھ بھال نہیں کرے گا تو ایسی نماز اس کیلئے نہ تو روشنی بنے گی اور نہ دلیل بنے گی اور نہ نجات کا ذریعہ ثابت ہو گی

مسند احمد 6576

13

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# مُفلس کون؟

کیا تم جانتے ہو کہ دیوالیہ اور مفلس کون ہے؟

لوگوں نے کہا "مفلس ہمارے یہاں وہ شخص کہلاتا ہے جس کے پاس نہ تو درہم ہو اور نہ کوئی سامان" آپ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کا مفلس اور دیوالیہ وہ ہے جو قیامت کے دن اپنی نماز روزہ اور زکوۃ کے ساتھ اللہ کے پاس حاضر ہوگا اور اسی کے ساتھ اس نے دنیا میں

کسی کو گالی دی ہوگی

کسی پر تہمت لگائی ہوگی

کسی کا مال کھایا ہوگا

کسی کو قتل کیا ہوگا

کسی کو ناحق مارا ہوگا

تو ان تمام مظلوموں میں اس کی نیکیاں بانٹ دی جائیں گی

پھر اگر اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں اور مظلوموں کے حقوق باقی رہے تو ان کی غلطیاں اس کے حساب میں ڈال دی جائیں گی اور پھر اسے جہنم میں گھسیٹ کر پھینک دیا جائے گا

حضرت ابوہریرہؓ، مسلم 2581

# "جنت"

## خدمت والدین کا صِلہ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا


اس کی ناک خاک آلود ہو (یعنی ذلیل وخوار ہو)
یہ بات آپ نے تین مرتبہ فرمائی

لوگوں نے پوچھا! "اے اللہ کے رسول ﷺ! کون ذلیل وخوار ہو

آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور ان دونوں میں سے ایک کی یا دونوں کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

مسلم 2551



15

# حرام کمائی کا انجام



رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کوئی بندہ حرام مال کمائے پھر اس
میں سے اللہ کی راہ میں صدقہ کرے
تو یہ صدقہ اس کی طرف سے قبول نہیں کیا جائے گا

اور اگر اپنی ذات اور گھر والوں پر خرچ کرے گا
تو برکت سے خالی ہو گا اور اگر وہ اس کو چھوڑ کر
مَرا تو اس کے جہنم کے سفر میں زادِ راہ بنے گا

اللہ تعالیٰ بُرائی کو بُرائی کے ذریعے سے نہیں
مٹاتا ہے بلکہ برے عمل کو اچھے عمل سے
مٹاتا ہے۔ خبیث، خبیث کو نہیں مٹاتا

(حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، مسند احمد 3672)

16

# غیبت اور بہتان

کیا تمہیں معلوم ہے کہ غیبت کیا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

لوگوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول ﷺ زیادہ واقف ہیں آپ ﷺ نے فرمایا کہ غیبت یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کا ذکر ایسے طریقے سے کرے کہ جسے وہ ناپسند کرتا ہے پھر آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ اگر وہ بات جو کہی جا رہی ہے، میرے بھائی کے اندر پائی جاتی ہے، کیا جب بھی وہ غیبت ہو گی؟

آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ بات جو تو کہتا ہے اس کے اندر موجود ہے تو یہی غیبت ہے اور اگر اس کے متعلق وہ بات کہی جو اس کے اندر نہیں ہے تو تُو نے اس پر بہتان لگایا

(حضرت ابو ہریرہؓ) مسلم 2589

17

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

## رشوت

اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر

مسند احمد 9021

## سود


رسول اللہ ﷺ نے لعنت بھیجی سود کھانے والے پر، سود کھلانے والے پر اس کے دونوں گواہوں پر اور سود کے لکھنے والے پر

مسلم 1598

## حسد

اپنے آپ کو حسد سے بچاؤ اس لئے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح بھسم کر دیتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو بھسم کر دیتی ہے

ابوداؤد 4903




**جھوٹ بولنا کسی حال میں بھی جائز نہیں، نہ تو سنجیدگی کے ساتھ اور نہ ہی مذاق کے طور پر**

اور یہ بھی جائز نہیں کہ تم میں سے کوئی اپنے بچے سے کسی چیز کے دینے کا وعدہ کرے اور پھر پورا نہ کرے

( حضرت عبداللہ بن مسعودؓ الادب المفرد ص 387 )

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**خرابی اور نامرادی ہے اس شخص کیلئے**

جو جھوٹی باتیں اس لئے کہتا ہے کہ لوگوں کو ہنسائے، خرابی ہے

**خرابی ہے اس کیلئے**

ترمذی 2315

19

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

درج ذیل 4 خصلتیں جس شخص میں ہوں گی وہ پکا منافق ہوگا۔ جس شخص کے اندر ان میں سے کوئی ایک خصلت ہوگی تو اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت ہوگی یہاں تک کہ وہ اس کو ترک کر دے (وہ مندرجہ ذیل ہیں)

# منافق کی نشانی

- جب اس کے پاس کوئی امانت رکھی جائے تو خیانت کرے
- جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے
- جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے
- جب کسی سے اس کا جھگڑا ہو جائے تو گالی گلوچ پر اتر آئے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ
بخاری 2459
مسلم 58

# غُصّہ

طاقتور وہ شخص نہیں ہے جو کشتی میں دوسروں کو پچھاڑ دے بلکہ طاقتور تو در حقیقت وہ ہے جو غصے کے موقع پر اپنے اوپر قابو رکھتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ بخاری 6114
مسلم 2609

آپ ﷺ نے فرمایا

غصہ شیطانی اثر کا نتیجہ ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ صرف پانی سے بجھتی ہے تو جس کسی کو غصہ آئے اسے چاہیئے کہ وہ وضو کر لے

ابوداؤد 4784

نوٹ

جن احادیث میں غصے کو شیطانی اثر کہا گیا ہے یہ وہ غصہ ہے جو اپنی ذات کیلئے آئے، یا عادتاً یا تکبر کی وجہ سے آئے، لیکن وہ غصہ جو مومن کو دین کے دشمنوں پر آتا ہے وہ غصہ نہایت عمدہ صفت ہے، اگر کوئی دین کو تباہ کرنے آرہا ہے تو اس وقت غصے کا نہ آنا ایمان کی کمی کی علامت ہے

# یتیم کے ساتھ حُسنِ سلوک

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

- مسلمانوں کے گھروں میں سے **سب سے بہتر گھر** وہ ہیں جن میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور
- مسلمانوں کا **سب سے بدتر گھر** وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہو۔

حضرت ابو ہریرہ، ابن ماجہ 3679

## مومن کا معیار

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، کوئی شخص اس وقت تک مومن ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی کچھ پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ (حضرت انسؓ: بخاری 13 | مسلم 45)

22

# تہجد کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ہر رات جب ایک تہائی رات باقی رہ جاتی ہے، تو ہمارا رب آسمانِ دنیا پر اترتا ہے اور فرماتا ہے کوئی ہے جو مجھے پکارے، میں اس کی پکار کو سنوں، کوئی ہے جو مجھ سے مانگے میں اسے عطا کروں، کوئی ہے جو مجھ سے استغفار کرے تو میں اس کو بخش دوں۔ پھر وہ اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے اور کہتا ہے کون ہے جو اس ہستی کو قرض دے جو نہ خالی ہاتھ ہے اور نہ ظالم ہے

حضرت ابو ہریرہؓ

بخاری 6321 مسلم 758

رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لائے اور نہایت بلند آواز سے فرمایا "اے وہ لوگو! جو اپنی زبان سے اسلام لائے ہو اور ایمان تمہارے دلوں میں نہیں اترا ہے تم لوگ مسلمانوں کو ایذا نہ پہنچاؤ اور نہ ان کو عار دلاؤ اور نہ ان کے عیوب کے پیچھے پڑو۔ جو لوگ اپنے مسلمان بھائی کے عیب کے پیچھے پڑیں گے تو اللہ ان کے عیب کے پیچھے پڑ جائے گا اور جس شخص کے عیب کے پیچھے اللہ پڑ جائے گا اسے رسوا کر ڈالے گا اگر چہ وہ اپنے گھر کے اندر ہی کیوں نہ ہو

(حضرت عبداللہ بن عمرؓ)

ترمذی 2032

# جامع نصیحتیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے

نہ تو اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو بے یار و مددگار چھوڑتا ہے اور جو اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی کسی پریشانی کو دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پریشانی کو دور کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ، بخاری 2442 مسلم 2580

## سب سے بڑی خیانت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

سب سے بڑی خیانت یہ ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کہو اور وہ تمہاری بات کو سچ سمجھے حالانکہ تم نے جو بات اس سے کہی وہ جھوٹی تھی

ابوداؤد 4971

## نکما اور عاجز شخص

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

سب سے نکما اور عاجز شخص وہ ہے جو اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا نہ مانگے اور سب سے بخیل وہ شخص ہے جو سلام میں بخل کرے (یعنی کسی کو سلام نہ کرے)

حضرت ابوہریرہؓ
المعجم الکبیر للطبرانی
5591

## مومن بندے کی نشانی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

مومن بندہ نہ زبان سے حملہ کرنے والا ہوتا ہے نہ لعنت کرنے والا ہوتا ہے، نہ بدگو ہوتا ہے اور نہ گالی بکنے والا ہوتا ہے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
ترمذی 1977

# چھ کام جنت کی ضمانت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تم لوگ مجھے 6 چیزوں کی ضمانت دو تو میں تمہیں **جنت** کی ضمانت دوں گا

- نماز پڑھنا
- زکوٰۃ دینا
- امانت میں خیانت نہ کرنا
- شرم گاہ کی حفاظت کرنا
- پیٹ میں جانے والی شے کی حفاظت کرنا
- زبان کی حفاظت و نگرانی کرنا

(ترغیب بحوالہ طبرانی)

# مومنانہ صفات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

زیادہ نہ ہنسو، کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے

دوسروں کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو تو مسلم بن جاؤ گے

اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں سے بچو تو سب سے بڑے عابد بن جاؤ گے

اپنے پڑوسی کیساتھ اچھا سلوک کرو تو مومن بن جاؤ گے

جتنا رزق اللہ نے تمہارے لئے مقدر فرما دیا ہے اس پر راضی رہو تو سب سے زیادہ غنی بن جاؤ گے

حضرت ابوہریرہ رض

ترمذی 2305

27

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو شخص بحث و مباحثہ نہ کرے اگرچہ وہ حق پر ہی کیوں نہ ہو

تو میں اس کیلئے جنت کے گوشوں میں ایک گھر کا ذمہ لیتا ہوں

جو شخص جھوٹ نہ بولے اگرچہ ہنسی کے طور پر ہی کیوں نہ ہو

تو بھی میں اس کیلئے جنت میں ایک گھر کا ذمہ لیتا ہوں

اور جو اپنے اخلاق کو بہتر بنا لے

تو پھر بھی میں اس کیلئے جنت کے سب سے اونچے حصے کا ذمہ لیتا ہوں

(حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ)

ابو داؤد 4800

28

# مسلمان بھائی کا حق نادہندہ سے دلوانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

خوش حال آدمی کا (حق یا قرض کے ادا کرنے میں) تاخیر کرنا ظلم ہے جب تم میں سے کوئی کسی خوشحال آدمی کے پیچھے (تقاضے کیلئے) لگایا جائے تو اسے چاہئے کہ وہ پیچھے لگ جائے، یعنی اس ذمہ داری کو قبول کر لے اور اپنے اثر و رسوخ اور تعلقات کی بناء پر اپنے مسلمان بھائی کا حق اُس نادہندہ مالدار شخص سے دلوا دے۔ (حضرت ابوہریرہؓ، بخاری: 2287 مسلم: 1564)

یعنی اگر کسی کا حق دبا لیا گیا ہے تو معاشرے کے با اثر افراد کا فرض ہے کہ وہ محض خاموشی اختیار کر کے نہ رہ جائیں بلکہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے کمزور اور بے اثر افراد کا حق دلوائیں

29

## کسی کی مصیبت پر خوش نہ ہونا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

تو اپنے بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے گا (اور اس سے مصیبت ہٹا دے گا) اور تجھے اس مصیبت میں مبتلا کر دیگا

حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ

ترمذی

2506

## حلال حرام کی تمیز

لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا جس میں آدمی اس بات کی پروا نہیں کرے گا کہ اس نے جو مال کمایا ہے وہ حلال ہے یا حرام ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، بخاری 2059

## جذبہ شکر پیدا کرنے کی تدبیر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وہ لوگ جو تم سے مال و دولت میں اور دنیاوی جاہ و مرتبہ میں کم ہیں ان کی طرف دیکھو تو تمہارے اندر شکر کا جذبہ پیدا ہوگا اور ان لوگوں کی طرف نہ دیکھو جو تم سے مال و دولت میں اور دنیاوی ساز و سامان میں بڑھے ہوئے ہیں تاکہ جو نعمتیں تمہیں اس وقت ملی ہوئی ہیں وہ تمہاری نگاہ میں حقیر نہ ہوں

(ورنہ اللہ کی ناشکری کا جذبہ ابھر آئے گا)

حضرت ابو ہریرہؓ ، مسلم 2963

31